© rasailojaraid.com

جناب کلیم احمد آبادی اگرچہ نسبتہً کم مشہور لیکن بڑے پختہ کلام اور کہنہ مشق شاعر ہیں۔ احمد آباد جیسی جگہ میں رہ کر اس پایہ کا شاعر ہونا ان کے فطری شاعر ہونے کی دلیل ہے۔ زیر تبصرہ کتاب موصوف کا پہلا مجموعہ کلام ہے جس میں ان کے دورِ آخر کا کلام درج ہے جس میں جذبات کے ساتھ حکمت اور روحانیت کے ساتھ موعظت وحقیقت بیانی کا بڑا حسین امتزاج پایا جاتا ہے۔ تعقل اور تفلسف کے ساتھ سوز و گداز بھی ہے۔ زبان صاف شستہ اور رفتہ ورواں ہے۔ شروع میں جناب اعجاز صدیقی اور پروفیسر نجیب اشرف ندوی جیسے افاضل کے مقدمے ہیں۔ یہ مجموعہ ہر صاحب ذوق کے مطالعہ کے لائق ہے۔

اسلام میں غلامی کی حقیقت

تالیف

مولانا سعید احمد ایم اے۔ مدیر برہان

یورپ کے ارباب علم نے اسلامی تعلیمات کو بدنام کرنے کے لئے جن حربوں سے کام لیا ہے ان میں سلیوری کا حربہ خاص اہمیت رکھتا ہے۔ یورپ اور امریکہ کے علمی اور تبلیغی حلقوں میں اس مسئلہ کا مخصوص طور پر چرچا رہتا ہے اور اس وجہ سے ہندوستان کا جدید تعلیم یافتہ طبقہ بھی اس سے اثر پذیر ہے۔ غلامی کے مسئلہ پر اسلامی نقطۂ نظر کے ماتحت ایک محققانہ و بیگانہ بحث دیکھنے کے لئے یہ کتاب پڑھنے کے لائق ہے۔ اس میں غلامی کی حقیقت، اس کے اقتصادی، اخلاقی اور نفسیاتی پہلوؤں پر بحث کرنے کے بعد یہ بتایا گیا ہے کہ انسانوں کی خرید و فروخت کی ابتدا کب سے ہوئی، اسلام نے اس میں کیا کیا اصلاحیں کیں اور ان اصلاحوں کے لئے کیسا پر حکمت طریقہ اختیار کیا اسی کے ساتھ مشہور مصنفینِ یورپ کے بیانات اور یورپ کی ہلاکت خیز اجتماعی غلامی پر بھی مبسوط تبصرہ کیا گیا ہے۔ تیسرا ایڈیشن، بڑا سائز، ۲۴۰ صفحات،

قیمت للعہ مجلد صہ (کتاب زیر طبع ہے)

© rasailojaraid.com